DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v61i1.2519

# حدیث اور علوم حدیث پر تحقیق:
## پندرھویں صدی عیسویں میں برصغیر کے علما کی خدمات کا جائزہ

مرتضیٰ خان ۞
محمد سلیم ۞

# A Research Study on Hadīth and its Sciences:
## A Review of the Contribution of Subcontinent Scholars in Fifteenth Century AD

**Murtaza Khan**۞
**Muhammad Saleem**۞

**ABSTRACT:** Scholars have invented various sciences for the protection of *Ḥadīth* and *'Ulūm 'l Ḥadīth*. Such as the *'Ilm 'l rijāl*, *'Ilm 'l jarḥ wa Ta'dīl* and the knowledge of the strangeness of ḥadīth, etc. Thus, from the beginning of Islam, the scholars of the Subcontinent, while contributing to the service of the *Qur'ān* and *'Ulūm 'l Qur'ān*, continued their services in *Ḥadīth* and *'Ulūm 'l Ḥadīth*. However, *Ḥadīth* and *'Ulūm 'l Ḥadīth* was revived in the subcontinent in the fifteenth century. This research intends the work done by the Scholars in terms of *Ḥadīth* and *'Ulūm 'l Ḥadīth* in 15th has been described. During this period, the scholars of ḥadīth performed very well in the subcontinent, as a result of which people from far and wide began to travel to subcontinent to acquire knowledge of ḥadīth. The ḥadīth narrators developed great role in the sciences of ḥadīth. In subcontinent the noteworthy *Moḥaddthīn* are Abdullah b. Umar al-Halavī (1404 AD), Muhammad b. Yaqūb Sherāzī (1414 AD), Syed Muhammad Gaisūdarāz (1422 AD), Muhammad b. Muhammad al-Makrānī (1422 AD), Badar ud Dīn al-Damaminī (1424 AD), Hussain b. Mu'īz Bahārī (1441 AD), Mahmood Gawon (1481 AD), Shaikh 'Alā ud Dīn Dehlvī, Abū Saūd b. Younus Malikī etc.
**Keywords:** ḥadīth, 'ulūm 'l ḥadīth, scholars, subcontinent, fifteenth century

۞ پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، محی الدین اسلامی یونی ورسٹی، نیریاں شریف، آزاد جموں وکشمیر۔
۞ اسسٹنٹ پروفیسر، محی الدین اسلامی یونی ورسٹی، نیریاں شریف، آزاد جموں وکشمیر۔

۞ Ph.D Research Scholar, Mohi-ud-Din Islamic University (MIU), Nerian Sharif, Azad Jammu & Kashmir.
۞ Assistant Professor, Mohi-ud-Din Islamic University (MIU), Nerian Sharif, Azad Jammu & Kashmir.

## Summary of the Article

This article examines the contributions of Indian scholars to the study of ḥadīth. Given India's rich and extensive scholarly history, it is challenging to encompass all their works in a single paper. The history of *'ulūm Al ḥadīth* in India can be divided into three distinct periods: the first from 50 to 400 AH (670 to 1009 AD), the second from 400 to 900 AH (1009 to 1494 AD), and the third from 900 AH (1494) to the present. This research focuses on scholars from the 15th century and their contributions to *ḥadīth* studies. The most popular scholars of *Hadith* and *Ulum Al Hadith* in subcontinent are as follow:

'Abd Allah b. 'Umar al-Halawī (d. 807/1404) lived with his children in a building near al-Azhar University. Originating from the subcontinent, he was also known as Hindi. Among his teachers were Hafiz al-Mazi, Zaynab bint Kamal, Imam Al-Dhahabi, and others. His notable students included Al-Fasi (d. 832/1428), al-Aqfaasi (d. 821/1418), Hafiz al-Sakhawi (d. 902/1496), and Ibn Zahira (d. 817/1414).

Muhammad ibn Ya'qub Shirazi (d. 817/1414) was born in Shiraz (Kazron) in 729 AH/1328. At eight years old, he moved to Shiraz, where he studied dictionaries and literature under his father and other scholars. In 745/1344, he studied Saheeh al-Bukhaari and Jami al-Tirmidhi with Abu Abdullah Muhammad bin Yusuf Madani in Shiraz. He later traveled extensively to places like Iraq, Baghdad, Makkah, Rome, India, Syria, and recited Saheeh al-Bukhaari, Saheeh Muslim, Sunan Abu Dawood, Sunan al-Tirmidhi, Musabih, and Imam Saghani's Musharak al-Anwar from various scholars. Many scholars learned Hadith and the sciences of Hadith from him. His own teachers included Al-Khatib Safi Abu al-Fa'il 'Abd al-Karim, Abu Hafs 'Umar b. 'Uthman b. Salem, 'Ali b. Qayyim al-Ziayah, and Siraj 'Umar b. 'Ali al-Qazvini. His significant works include Tashil Taraq al-Awwal 'Ali al-Ahadeeth al-Za'idah 'Ali Jami al-Asol, Manh al-Bari Balshih al-Fasih al-Majari fi Sharh Sahih al-Bukhaari, Al-Tajarih fi Benefits, Baha'adeeth al-Masabeeh, and Shu'arak al-Israr al-'Aliah fi Sharh Musharak al-Anwar al-Nabawiyyah.

Sayyid Muhammad Gesu Daraz, also known as Banda Nawaz (d. 825/1422), was born as Sayyid Muhammad bin Yusuf Shah Raju Qatal bin Ali bin Muhammad bin Yusuf bin Hussain bin Muhammad bin Ali bin Hamza bin Dawood bin Abi al-Hasan Zaid Jandi, Abu'l-Fath Sadr al-Din Muhammad Dehlvi, Gulbargvi. He earned the title Gesu Daraz from Pir Nasir-ud-Din Chiragh Delhi (d. 757/1556). In 1404 AD, due to Timur's invasion of Delhi, he migrated with his family to Gulbarga in 806 AH/1403, where he remained for about twenty-two years, providing spiritual and educational guidance to the people. He primarily taught tafseer and hadith in the afternoons. His main teachers included Bahadur, Qazi Abdul Muqtadar (d. 791/1389), Sharaf-ud-Din Kaithli, and Taj-ud-Din Muqaddam. Some of his notable works are "Kitab al-Arbaeen," "Rasala Sirat-un-Nabi," "Sharh Musharak al-Anwar," and "Spokesman Musharak al-Anwar" (in Persian). He passed away in Gulbarga in 825 AH/1422.

Muhammad ibn Muhammad, al-Makrani al-Asli (d. 855/1422), born Muhammad bin Muhammad bin Abdullah bin Muhammad bin Hadi, was born in 799/1396 in

Ej and later settled in Makkah. He studied hadith, Sufism, and various arts from his father, al-Safi Abdul Rahman, and al-Az Ibrahim al-Aiji. He had a strong interest in literature and writing, authoring works such as "al-Shama'il al-Nabawiyyah" and commentaries on "Shama'il al-Tirmidhi" and "Arbaeen Nawawi." He passed away on 11th Zul Hajja in 855 AH/1422 in Mina after performing Hajj.

Badr al-Din al-Damamini (d. 827/1424), whose full name is Shaykh al-Imam al-Allama Badr al-Din Muhammad bin Abi Bakr bin Umar bin Abi Bakr bin Muhammad bin Sulaiman, was also known as Ibn al-Damamini or al-Dammamini. He studied under his grandfather, Bha'ud-Din ibn al-Damamini, as well as the renowned scholar Ibn Khaldun (d. 808/1405) and other eminent scholars.

Husayn ibn Mu'az Al-Bihari (d. 844/1441), full name Husayn ibn Mu'az al-Din al-Balkhi al-Bahari, was also known as Tawheed. He was raised by Makhdoom Sharaf-ud-Din Ahmad bin Yahya Muniri and pledged allegiance to him. Husayn learned hadith from his uncle, Shaykh Muzaffar (d. 803/1401) bin Shams-ud-Din Balkhi. In Makkah, he studied the Qur'an and Hadith under various expert teachers. He spent some time in Aden, where he learned hadith from a muhaddith named Khateeb al-Adni. Additionally, he received education in the sciences of Hadith from notable scholars such as Shaykh Muhammad Usmani, Shama Burhani (d. 863/1458), Mahmud Gawan (813-886 AH/1410–1481), Shaykh Alauddin Al-Dehlvi (9th/15th century AD), and Abu al-Saud bin Younus Maliki (9th/15th century AD).

## مقدمہ

قرآن و حدیث کی خدمت اقوامِ عالم کے مسلم علمانے ابتداے اسلام سے اب تک مختلف انداز سے کی ہے۔ خدمت کے مختلف انداز میں درس و تدریس، تصنیف و تالیف، حفظ و یاد، وعظ و نصیحت وغیرہ شامل رہے ہیں۔ برصغیر میں اسلام کی آمد حضور ﷺ کے دور ہی سے ہوئی۔[1] برصغیر کے علمانے بھی قرآن و حدیث کی خدمت مختلف انداز سے کی۔ برصغیر میں حدیث اور علوم الحدیث کے ابتدائی نقوش، اسلام کے ابتدائی دور سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان ابتدائی نقوش کا ارتقا اس وقت سے شروع ہوا جب مسلمانوں نے ۱۲ھ / ۶۳۳ء میں برصغیر میں قدم رکھے، جب کہ تاریخی تناظر میں برصغیر میں حدیث اور علوم الحدیث کی باقاعدہ ابتداء محمد بن قاسم کی آمد ۹۳ھ / ۷۱۲ء سے ہوئی۔

---

۱۔ عبدالحی بن فخر الدین، **نزهة الخواطر** (بیروت: دار ابن حزم، ۱۹۹۹ء)، ۱: ۷-۹۔

برصغیر میں حدیث اور علوم الحدیث کا احیا پندرھویں صدی عیسوی میں ہوا۔ اس کا ایک سبب دکن میں بھمنی اور گجرات میں مظفر شاہی دو آزاد مسلم ریاستوں کا قائم ہونا تھا۔ ان کے حکم ران علم دوست تھے۔ دوسرا سبب عرب اور ہندوستان کے تعلقات کا مضبوط ہونا تھا۔ عرب اور ہندوستان کے تعلقات اس وقت مضبوط ہوئے جب دونوں ممالک کے بحری راستے کھول دیے گئے۔ جس کی وجہ سے آمد ورفت میں تیزی آئی اور تعلقات میں اضافہ ہونے لگا۔ چناں چہ حجازی، مصری اور دیگر ممالک سے تعلق رکھنے والے محدثین ہندوستان آنے لگے اور اشاعت حدیث اور علوم الحدیث میں اضافہ ہونے لگا۔[۲]

## موضوع کا تعارف

حدیث اور علوم الحدیث پر علما کے کام کو تین ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: (پہلا دور) ۵۰ھ تا ۴۰۰ھ / ۶۷۰ء تا ۱۰۰۹ء ہے۔ (دوسرا دور) ۴۰۰ھ تا ۹۰۰ھ / ۱۰۰۹ء تا ۱۴۹۴ء ہے۔ (تیسرا دور) ۹۰۰ھ / ۱۴۹۴ء تا حال تک پھیلا ہوا ہے۔[۳] تیسرے دور میں سے پندرھویں صدی عیسوی میں حدیث اور علوم الحدیث پر جامع، علیحدہ اور مرتب کام کسی نے نہیں کیا اسی لیے اسے موضوع تحقیق بنایا گیا۔

## سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ

اس مضمون کے متعلق ضمناً درج ذیل علمانے تحریری کام کیا ہے۔ جیسے عبد الرشید عراقی نے (برصغیر پاک وہند میں علم حدیث اور علماے اہلِ حدیث کی مساعی)، محمد انور بن محمد غنی نے **نشأة علم الحديث و تطوره في شبه القارّة الهندية**،[۴] محمد ارشد بن احمد قاسمی،[۵] **جهود مسلمي الهند في خدمة الحديث الشريف**،[۶]

---

۲- محمد اسحاق بھٹی، **علم حدیث میں برعظیم پاک وہند کا حصہ**، ترجمہ: شاہد حسین رزاقی (لاہور: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، ۱۹۷۷ء)، ۱: ۱۴۔

۳- محمد باقر خان خاکوانی، علوم الحدیث (لاہور: ادارہ مطبوعات سلیمانی، ۲۰۱۴ء)، ۱۷۶۔

۴- محمد انور بن محمد غنی، "نشاة علم الحديث و تطوره في شبه القارّة الهندية"، **مجلہ تهذيب الأفكار**، عبدالولی خان یونی ورسٹی، مردان، ۵، (۲۰۱۸ء)۔

۵- انڈیا، گجرات کے مدرسہ قاسمیہ میں حدیث شریف کے استاذ تھے۔

۶- محمد ارشد بن احمد قاسمی، **جهود مسلمي الهند في خدمة الحديث الشريف**، **الدروس الحسنية**، الدرس ۳، مئی ۲۰۱۸۔ دیکھیے:

https://**علم الحديث فى شبه القارة الهندية**.habous.gov.ma, accessed on13/8/2020

علامہ عبدالحیؒ رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۴۱ھ/۱۹۲۳ء)،[۷] نے **یاد ایام**، **الثقافة الإسلامیةفي الهند**،[۸] اور **نزهةالخواطر**،[۹] ڈاکٹرعبدالرؤف (م۱۴۴۲ھ/۲۰۲۰ء)،[۱۰] نے *Services of Muhaddesinin of the Subcontinent,* *A Historical and Critical Analysis* ڈاکٹر عبد الرحمٰن نے **جهود مخلصة في خدمة السنة المطهرة**،[۱۱] ڈاکٹر محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے،[۱۲] **علم حدیث میں بر عظیم پاک وہندکاحصہ** (مترجم)، مولاناعبدالحی،ندوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۴۱ھ/۱۹۲۳ء) نے **اسلامی علوم وفنون ہندستان میں**، شیخ اکرام (م۱۳۹۴ھ/۱۹۷۳ء)،[۱۳] نے **رود کوثر**، اور **آب کوثر**، ڈاکٹر زبیدنے *The contribution of India to the*

۷– آپ کانام عبدالحی بن فخر الدین ہے۔ آپ عرب سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے اجداد میں سے قطب الدین فتنہ منگول کی وجہ سے بغداد ہجرت کر کے غزنہ آئے۔بعد ازاں جہاد کی غرض سے ہندوستان آگئے۔ دہلی میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ آپ ۱۸/رمضان۱۲۸۶ھ/۲۲دسمبر۱۸۶۸ء میں پیدا ہوئے۔ہندوستان کے معروف اہل علم سے استفادہ کیا۔ اہم تصانیف: **الثقافة الإسلامية في الهند،معارف العوارف في أنواع العلوم والمعارف، نزهة الخواطر وبهجة المسامع والنواظر** وغیرہ ہیں۔ وفات ۱۵/ جمادی الثانی ۱۳۴۱ھ/۲/فروری۱۹۲۳ءمیں ہوئی۔ (الزرکلی، **الأعلام** (بيروت: دار العلم للملايين، ۲۰۰۲ء)،۳: ۲۹۰۔

۸– عبدالحی الحسنی،**الثقافة الإسلامية** (مصر: مؤسسةهنداوي للتعليم و الثقافة،۲۰۱۲ء)۔

۹– عبدالحی بن فخر الدین، **نزهة الخواطر**۔

۱۰– آپ کی پیدائش ۸/ جنوری ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۱ءمیں ہوئی۔آپ کا تعلق بہاول نگر سے تھا۔ درس نظامی اور بی اے بہاول نگرجب کہ ایم اے اسلامیات اسلامیہ یونی ورسٹی سے کیا۔۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء میں اسلامیہ یونی ورسٹی بہاول پور میں بطور لکچرر تقرر ہوا۔۱۴۰۹ھ/۱۹۸۸ء میں برطانیہ سے پی ایچ ڈی کی۔ پہلی بین الاقوامی سیرت کانفرنس بہاول پور اسلامیہ یونی ورسٹی میں ۱۴۲۲ھ/۲۰۰۰ءمیں کروائی۔ اسلامیہ یونی ورسٹی بہاول پور سے فارغ ہونے کے بعدیونی ورسٹی آف سرگودھا میں بطور چیئرمین تقرر ہوا ۔ اہم تصانیف: **اسوہ کامل**، **سیرت نبوی کے مصادرومراجع**،**علوم الحدیث(فنی، فکری اور تاریخی مطالعہ)**، **بہائیت اوراس کے معتقدات** وغیرہ ہیں۔ پچانویں(۹۵) سے زیادہ تحقیقی مقالے لکھے۔ چودہ(۱۴)فروری (جمعۃ المبارک)۱۴۴۲ھ/۲۰۲۰ءمیں فوت ہوئے۔ اعجاز حسن،روزنامہ پاکستان،(فروری اٹھارہ۲۰۲۰ء) ۱۸۔

۱۱– عبدالرحمٰن بن عبدالجبارالفریوائی، **جهود مخلصة في خدمة السنة المطهرة**(الہند:إدارة البحوث الإسلامية و الدعوة و الإفتاء بالجامعة السلفية،۱۹۸۰ء)۔

۱۲– محمد اسحاق رزاقی، **علم حدیث میں برعظیم پاک وہند کا حصہ**،ترجمہ: شاہد حسین۔

۱۳– آپ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۸ء چک جھمرہ (ضلع لائل پور) میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور اور آکسفرڈ میں پڑھے۔ ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء میں انڈین سول سروس میں شامل ہوئے۔ہندی مسلمانوں کی ثقافتی اور مذہبی تاریخ تین حصوں میں **آب کوثر**،**رود کوثر**اور **موج کوثر**کے نام سے لکھی۔ غالب اور شبلی کی سوانح بھی مرتب کیں۔۱۳۹۴ھ/۱۹۷۳ءمیں لاہور

**آب کوثر**، ڈاکٹر زبید نے *The contribution of India to the Arabic Literature*،[۱۴] مولانا فیروز اختر رحمۃ اللہ علیہ،[۱۵] نے ہندستان **تیرھویں چودھویں صدی ہجری میں** اور ڈاکٹر علی اصغر چشتی نے **تاریخ ادب عربی**،[۱۶] میں بحث کی ہے۔

## موضوع تحقیق کا بنیادی سوال

موضوع تحقیق کا بنیادی سوال ہے کہ برصغیر میں پندرھویں صدی عیسوی کے دوران میں حدیث اور علوم الحدیث کے حوالے سے اہم علمانے کیا خدمات سر انجام دیں؟

## منہج تحقیق

زیر نظر مقالہ بیانیہ منہج پر لکھا گیا ہے۔ چوں کہ برصغیر میں پندرھویں صدی عیسوی میں حدیث اور علوم الحدیث پر علما کے کام کا ذکر کیا گیا ہے، اس لیے یہ ایک تاریخی تحقیق بھی ہے۔

برصغیر میں پندرھویں صدی عیسویں میں اہم علما اور ان کی خدماتِ حدیث وعلوم الحدیث درج ذیل ہیں۔

## عبد اللہ بن عمر حلاوی (م۸۰۷ھ/۱۴۰۴ء)

آپ کا نام و نسب عبد اللہ بن عمر بن علی بن مبارک الجمال ابو المعالی بن سراج ابی حفص بن ابی الحسن، الھندی الاصل، قاہری، ازہری، صوفی، سعودی ہے۔ آپ حلاوی کے نام سے مشہور ہوئے۔[۱۷]

---

میں فوت ہوئے۔ دیکھیے

https://ur.wikipedia.org›wiki› شیخ محمد اکرام- آزاد دائرۃ المعارف- ویکیپیڈیا Accessed on 26/6/2021

۱۴- زبید احمد، **عربی ادبیات میں پاک وہند کا حصہ**، ترجمہ: شاہد حسین رزاقی (لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۰۱۸ء)۔

۱۵- آپ کا نام مولانا فیروز اختر ندوی ہے۔ جامعہ اسلامیہ مظفر پور (اعظم گڑھ) کے استاذ تھے۔ آبائی علاقہ ضلع سمستی پور بہار تھا۔ علوم دینی کی خدمت کی غرض سے آپ کے گھرانے نے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں کے سفر کیے۔ آپ کے ایک بھائی ہندوستانی یونیورسٹی مانو (حیدر آباد) میں پڑھاتے تھے۔ دیکھیے

https://ne-np.facebook.com ›Nida-e-Haque Welfare Society ) سفیرانِ مہر و وفا - "مولانا فیروز ... ( ۲accessed on 26/5/2021۔

۱۶- علی اصغر چشتی، **تاریخ ادب حدیث** (اسلام آباد: پورب اکیڈمی، ۲۰۱۷ء)۔

۱۷- شمس الدین ابو الخیر محمد بن عبد الرحمن السخاوی، **الضوء اللامع لأهل القرن التاسع** (بیروت: منشورات دار مکتبة الحیاة)، ۵: ۳۸؛ محمد بن احمد بن علی الحسنی الفاسی، **ذیل التقیید في رواة السنن والأسانید** (بیروت: دار

آپ کی پیدائش ۷۲۸ھ / ۱۳۲۷ء میں ہوئی۔ آپ کے پردادا بہت نیک شخص تھے۔ ان کے لیے جامعہ ازہر کے قریب ایک عمارت بنائی گئی جس میں وہ اپنی اولاد کے ہمراہ سکونت پذیر ہوئے۔ یہ عمارت علم حدیث کا مرکز تھی۔ آپ اس میں حدیث اور علوم الحدیث کی تدریس کرنے کے لیے موجود رہتے۔ آپ تدریس اس طرح کرتے کہ تلامذہ پڑھتے تو آپ سنتے۔ آپ کا اصل تعلق برصغیر سے تھا اسی لیے آپ کو ہندی بھی کہا جاتا ہے۔ آپ نے الحافظ المزی (م۷۴۲ھ / ۱۳۴۱ء)، [18] زینب ابنۃ الکمال (م۷۴۰ھ / ۱۳۳۹ء)، [19] اور الذہبی (م۷۴۸ھ / ۱۳۴۷ء)، [20] وغیرہ سے اجازت حاصل کی۔ آپ کے اہم تلامذہ الفاسی

---

الکتب العلمیة، ۱۴۱۰ھ / ۱۹۹۰ء)، ۲: ۴۷۔

۱۸۔ آپ کا نام یوسف بن عبد الرحمٰن بن یوسف، ابو الحجاج، جمال الدین بن زکی ہے۔ حلب میں ۶۵۴ھ / ۱۲۵۶ء میں پیدا ہوئے اور دمشق کے ایک نواحی علاقے مزۃ میں پرورش پائی۔ شام میں عظیم محدث تھے۔ لغت، حدیث اور اسماء الرجال کے فنون میں ماہر تھے۔ اہم تصانیف: **تهذيب الكمال في أسماء الرجال**(۱۲ جلدیں)، **تحفة الأشراف بمعرفة الأطراف** (۸ جلدیں)، **المنتقى من الفوائد الحسان، ترجمة مسلمة بن مخلد و بيان صحبته للنبي صلى الله عليه و سلم** ہیں۔(الزرکلی، **الأعلام**،۸: ۲۳۶)۔

۱۹۔ آپ کا نام ام عبد اللہ زینب بنت کمال احمد بن عبد الرحیم بن عبد الواحد بن احمد المقدسیہ، دمشقیہ ہے۔ ۶۴۶ھ / ۱۲۴۸ء میں پیدا ہوئیں۔ بلند پایہ محدثہ تھیں۔ صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔ خطیب مردا، محمد بن عبد الہدی ابراہیم بن خلیل کے علاوہ ایک جماعت سے سماع کیا۔ بڑی جماعت سے اجازت بھی حاصل تھی۔ ۹۴ر برس کی عمر میں ۹ر جمادی الاولیٰ ۷۴۰ھ / ۱۳۳۹ء کو فوت ہوئیں۔ شمس الدین ابو عبد اللہ الذہبی، **معجم الشيوخ الكبير للذهبي**(المملكة العربية السعودية: مكتبة الصديق، الطائف، ۱۴۰۸ھ /۱۹۸۸ء)، ۱: ۲۴۸؛ یوسف بن حسن الصالحی، **الجوهر المنضد في طبقات متأخري أصحاب أحمد**(الریاض: **المملكة العربية السعودية: مكتبة العبيكان**،۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء)،۱-۴۲؛ شمس الدین ابو المعالی، **ديوان الإسلام** (بیروت: **دار الكتب العلمية**،۱۴۱۱ھ / ۱۹۹۰ء)،۲: ۳۶۵۔

۲۰۔ آپ کا نام محمد بن احمد بن عثمان بن قایماز الترکمانی الذہبی، ابو عبد اللہ ہے۔ بلند پایہ محدث اور مؤرخ تھے۔ دمشق میں ۶۷۳ھ / ۱۲۷۵ء میں پیدا ہوئے۔ جب ۱۸ر برس کے ہوئے تو قراءت اور حدیث کی تعلیم حاصل کرنی شروع کی حتی کہ ان علوم میں ماہر ہوئے خصوصا علم حدیث میں کثیر اہل علم سے استفادہ کیا۔ حصول علم کے لیے شام، حلب، حمص، حماۃ، طرابلس، قدس، مصر اور مکہ مکرمہ جیسے اہم مقامات کے سفر کیے۔ اہم تصانیف میں **تاريخ الإسلام،العبر في خبر من عبر، سير أعلام النبلاء،المغني و الميزان في الضعفاء، المعجم المختص بالمحدثين** اور **تذكرة الحفاظ** ہیں۔ ۷۴۸ھ / ۱۳۴۷ء میں فوت ہوئے۔ دیکھیے عبد الحی بن احمد بن محمد ابن العماد العکری الحنبلی،**شذرات الذهب في أخبار من ذهب** (بیروت: دار ابن کثیر،۱۹۸۶ء)،۱ : ۶۱۔

(م۸۳۲ھ / ۱۴۲۸ء)[۲۱]، الاقفہسی(م۸۲۱ھ /۱۴۱۸ء)[۲۲]،حافظ السخاوی (م۹۰۲ھ / ۱۴۹۶ء)،[۲۳] ابن ظہیرۃ (م۸۱۷ھ /۱۴۱۴ء)،[۲۴] وغیرہ ہیں۔ ماہِ صفر ۸۰۷ھ /۱۴۰۴ء کو قاہرہ میں فوت ہوئے اوراپنے دادا کے پہلو میں دفن ہوئے۔[۲۵]

## محمد بن یعقوب شیرازی(م۸۱۷ھ /۱۴۱۴ء)

آپ کا نام و نسب محمد بن یعقوب بن محمد بن ابراہیم بن عمر بن ابی بکر بن احمد بن محمود بن ادریس بن فضل اللہ بن شیخ ابی اسحاق ابرہیم بن علی بن یوسف بن عبد اللہ بن مجد ابو طاہر ،فیروز آبادی، شیرازی، شافعی ہے۔

آپ کی پیدائش شیراز (کازرون)میں ۷۲۹ھ /۱۳۲۸ء میں ہوئی۔[۲۶] سات برس کے ہوئے تو قرآن

---

۲۱- محمد بن احمد بن علی، تقی الدین، ابو الطیب مکی حسنی: مؤرخ، علمائے اصل، حافظ حدیث۔ بنیادی طور پر فاس سے تعلق رکھنے والے وہ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے اور وفات پائی۔ وہ بار بار یمن، شام اور مصر میں داخل ہوا۔ اور ایک مدت تک مکہ میں مالکی فقہ کا قاضی رہے۔ آپ کی اہم کتابوں میں **العقد الثمن في تاريخ البلد الأمين - ط ثمانية مجلدات، على حروف الهجاء، و شفاء الغرام بأخبار البلد الحرام - ط منتخبات منه، ومختصره تحفة الكرام بأخبار البلد الحرام، عجالة القرى للراغب في تاريخ أم القرى، ومختصر المختصر تحصيل المرام، المقنع من أخبار الملوك والخلفاء** وغیرہ شامل ہیں۔ دیکھیے:الزرکلی،**الأعلام**، ۵ : ۳۳۱ ۔

۲۲- آپ کا نام خلیل بن محمد بن محمد بن عبد الرحیم، ابو الصفاء الاقفہسی المعری الشافعی ہے۔ آپ حدیث، ادب و فرائض اور ریاضی کے بڑے عالم تھے۔۔ دیکھیے: زرکلی مرجع سابق، ۲: ۳۲۲ ۔

۲۳- محمد بن عبد الرحمن بن محمد، شمس الدین سخاوی: مؤرخ حجہ، اور حدیث، تفسیر اور ادب کے عالم۔ بنیادی طور پر سخا(مصر کے گاؤوں سے ) سے تعلق رکھنے والے، وہ قاہرہ میں پیدا ہوئے، اور مدینہ میں وفات پائی۔ آپ کی مشہور کتابوں میں **الضوء اللامع في أعيان القرن التاسع، شرح ألفية العراقي، المقاصد الحسنة، القول البديع في أحكام الصلاة على الحبيب الشفيع، الإعلان بالتوبيخ لمن ذم التأريخ، الجواهر المكللة في الأخبار المسلسلة** وغیرہ شامل ہیں۔ دیکھیے: زرکلی، مرجع سابق ،۶: ۱۹۴ ۔

۲۴- آپ کا نام ابن ظہیرہ ابو حامد بن ظہیرہ الجمال، قرشی، مخزومی، مکی، شافعی ہے۔ ۷۵۱ھ /۱۳۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ علم حدیث عراقی، جب کہ فقہ اور اصول فقہ بلقینی سے حاصل کیے۔ آپ ۸۱۷ھ /۱۴۱۴ء میں فوت ہوئے۔ عبد الرحمن بن ابی بکر جلال الدین السیوطی، **نظم العقيان في أعيان الأعيان**( بيروت: دار الكتب العلمية)،۱- ۲۴۸۔

۲۵- السخاوي، **الضوء اللامع**،۵ -۳۸۔

پاک حفظ کیا۔ آٹھ برس کی عمر میں شیراز کا سفر کیا اور اپنے والد اور دیگر علما سے لغت اور ادب کی تعلیم حاصل کی۔ ۷۴۵ھ / ۱۳۴۴ء کو شیراز میں ابو عبد اللہ محمد بن یوسف مدنی[۲۷] سے **صحيح البخاري** اور **جامع الترمذي** پڑھیں۔ پھر عراق اور بغداد کا سفر کیا اور مختلف علما سے **صحيح البخاري** اور امام صغانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۵۰ھ / ۱۲۵۲ء)[۲۸] کی **مشارق الأنوار** پڑھیں۔ ۷۵۵ھ / ۱۳۵۴ء میں دمشق کا سفر کیا اور علما سے استفادہ کیا۔ پھر مختلف ممالک کا سفر کرتے کرتے مکہ مکرمہ، روم، ہندوستان، عراق، شام مصر گئے اور علما سے استفادہ کیا۔ خصوصاً علم حدیث میں **صحيح البخاري، صحيح مسلم، سنن أبي داود، سنن الترمذي** اور **مصابيح** کے دروس لیے۔ ۷۹۷ھ / ۱۳۹۴ء میں آپ کو یمن کا قاضی مقرر کر دیا گیا۔ زبید میں بھی آپ نے اپنی عمر کے آخری ایام تک علمی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ یہاں کثیر تلامذہ نے آپ سے حدیث و علوم الحدیث کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کی قوت حافظہ بہت مضبوط تھی، متبحر عالم تھے؛ تاہم **صحيح البخاري** کی شرح (**منح**

---

۲۶۔ عبد الرحمن بن ابی بکر جلال الدین السیوطی، **بغية الوعاة في طبقات اللغويين والنحاة** (لبنان: المكتبة العصرية)، ۱: ۲۷۳۔

۲۷۔ آپ کا نام محمد بن یوسف، الزرندی، المدنی، حنفی، شمس الدین ہے۔ آپ نور الدین کے بھائی تھے۔ بلند پایہ عالم تھے۔ ۶۹۳ھ / ۱۲۹۴ء میں پیدا ہوئے اور شیراز میں ۷۵۰ھ / ۱۳۴۹ء کے بعد فوت ہوئے۔ ابو الفضل احمد بن علی ابن حجر العسقلانی، ت: محمد عبد المعید ضان (حیدرآباد: مجلس دائرة المعارف العثمانية)، **الدرر الكامنة في أعيان المائة الثامنة**، ۶: ۵۰۔

۲۸۔ غزنوی دور کے محدث اور لغوی رضی الدین حسن بن محمد بن حسن الصغانیؒ القرشی ۵۷۰ھ کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ حاصل کی۔ علم حدیث کے حصول کے لیے عرب تشریف لے گئے وہاں حدیث کی ایک بہترین کتاب لکھی جو کہ مختلف حدیث کی کتابوں کا مجموعہ ہے اور خصوصاً **بخاری** اور **مسلم شریف** کا ایک حسین امتزاج ہے۔ اس کتاب کی مختلف شروحات لکھی گئیں۔ سب سے اہم بات یہ کتاب تغلق کے دور تک دینی مدارس میں بطور نصاب شامل رہی۔ آپ کے دور میں لاہور علم حدیث کا مرکز رہا۔ آپ کی مستقل رہائش بغداد میں تھی۔ ۶۵۰ ھ میں بغداد میں ہی فوت ہوئے۔ ابن السّاعی، علی بن انجب، **الدر الثمين في أسماء المصنفين** (تیونس: دار الغرب الإسلامي، ۱۴۳۰ھ - ۲۰۰۹ء)، ۱: ۳۴۴؛ محمد اسحاق، **علم حدیث میں برعظیم پاک و ہند کا حصہ**، ترجمہ: شاہد حسین رزاقی، ۱: ۲۲۷؛ محمد طفیل، **نقوش**، لاہور، (دسمبر ۱۹۸۳ء)، شمارہ ۱۳۰، رسول نمبر، ۶: ۹۔

**الباري)** میں بعض باتیں نقل کیں جو کہ محل نظر ہیں۔[۲۹] تمام عمر علوم دینی کی خدمت میں لگادی۔ برصغیر بھی آئے اور علما سے استفادہ کیا۔ تاہم برصغیر میں آپ کی مساعی تاریخ کے اوراق میں محفوظ نہیں، لیکن قرین قیاس ہے کہ آپ نے علمی خدمات سرانجام دی ہوں گی۔

آپ نے خطیب صفی ابو الفضائل عبد الکریم،[۳۰] ابو حفص عمر بن عثمان بن سالم،[۳۱] علی بن قیم الضیائیۃ،[۳۲] سراج عمر بن علی القزوینی[۳۳] سے حدیث وعلوم الحدیث کا علم حاصل کیا جب کہ لغت اور ادب کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔[۳۴] اہم تصانیف: **تسهيل طرق الوصول على الأحاديث الزائدة على جامع الأصول، منح الباري بالشيح الفسيح المجاري في شرح صحيح البخاري، التجاريح**

---

۲۹۔ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۱۰: ۷۹-۸۱۔

۳۰۔ آپ کا نام عماد بن خرستانی، ابو الفضائل دمشقی، شافعی ہے۔ ماہِ رجب ۵۷۷ھ / ۱۱۸۱ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے اساتذہ میں خشوعی، قاسم اور آپ کے والد شامل ہیں۔ فتوے اور مناظرے میں ماہر تھے۔ شام کے قاضی بھی رہے، لیکن کچھ وقت کے بعد دست بردار ہوگئے۔ غزالیہ میں تدریس کے ساتھ ساتھ دمشق کے خطیب بھی رہے۔ علما کی صف میں آپ کو بہت عزت دی جاتی۔ جمادی الاولی ۶۷۲ھ / ۱۲۷۳ء میں فوت ہوئے۔ (عبد الحی بن احمد العکری، **شذرات الذهب في أخبار من ذهب**، ۷: ۵۳۶۔

۳۱۔ آپ کا نام عمر بن عثمان بن سالم، المقدسی ہے۔ ابن البخاری اور تقی الواسطی سے **سنن ابی داؤد** کا سماع کیا۔ آپ سے حسینی اور ابن ایدغدی نے سماع کیا۔ مطالعہ میں مصروف رہتے۔ خطاط بھی تھے۔ ۱۶/ ذی القعدہ، ۷۶۰ھ / ۱۳۵۹ء میں فوت ہوئے۔ ابراہیم بن محمد برہان الدین، **المقصد الأرشد في ذكر أصحاب الإمام أحمد** (الریاض: مکتبة الرشد، ۱۴۱۰ھ / ۱۹۹۰ء)، ۲: ۳۰۳۔

۳۲۔ آپ کا نام علی بن قیم الضیائیہ ہے۔ مسند کا اکثر حصہ ابن الخوجی سے سماع کیا۔ مدینہ منورہ میں ۸۲۸ھ / ۱۳۹۷ء میں فوت ہوئے۔ ابن المِبْرَد، یوسف بن حسن، **الجوهر المنضد**، (الریاض: مکتبة العبیکان، ۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء)، ۱: ۱۴۰۔

۳۳۔ آپ کا نام عمر بن علی سراج الدین ہے۔ قزوین میں ۶۸۳ھ / ۱۲۸۴ء کو پیدا ہوئے۔ واسط میں پرورش پائی۔ عراق کے محدث تھے۔ ایک عمدہ تصنیف **الفهرست** کے نام سے لکھی۔ بغداد میں ۷۵۰ھ / ۱۳۴۹ء میں فوت ہوئے۔ (الزرکلی، **الأعلام**، ۵: ۵۶۔)

۳۴۔ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۱۰: ۷۹-۸۱۔

في فوائد متعلقة بأحاديث المصابيح،شوارق الأسرار العلية في شرح مشارق الأنوار النبوية ہیں۔[۳۵]

## گیسودراز، سید محمد (م۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء)

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام و نسب شیخ، امام، علامہ، فقیہ، زاہد، ولی اکبر، صادق، سلطان القلم، سید محمد بن یوسف شاہ راجو قتال بن علی بن محمد بن یوسف بن حسین بن محمد بن علی بن حمزہ بن داود بن ابی الحسن زید جندی، ابو الفتح صدر الدین محمد دہلوی، گلبر گوی ہے۔ شہرت گیسو دراز / بندہ نواز کے ناموں سے ہوئی۔ گیسو دراز کا لقب پیر نصیر الدین چراغ دہلی (م۷۵۷ھ/۱۵۵٦ء)[۳٦] نے دیا تھا۔

آپ کے جد امجد ابو الحسن الجندی علاء الدین مسعود شاہ (۷۳۹ھ/۱۳۳۸ء تا ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء)[۳۷] کے دور حکومت میں خراسان سے دہلی آئے۔ آپ چار(۴) رجب ۷۲۱ھ / جولائی ۱۳۲۱ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ محمد بن تغلق (م۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء)[۳۸] کے دور میں علمائے کرام دہلی سے دولت آباد آئے۔ چناں چہ آپ

---

۳۵۔ السخاوی، نفس مصدر،۸٦۔

۳٦۔ آپ کا نام نصیر الدین محمود بن یحی الحسینی ہے۔ چراغ دہلی کے نام سے شہرت ملی۔ اَودھ میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔ ۹/سال کی عمر میں والد فوت ہوئے۔ علم و تعلیم کا راستہ اختیار کیا۔ اہم اساتذہ مولانا عبد الکریم، مولانا افتخار الدین، فخر الدین ہانسوی، قاضی محی الدین کاشانی، شیخ شمس الدین محمد بن یحیی اودھی وغیرہ ہیں۔ علم حدیث میں ماہر تھے۔ آپ کے ملفوظات **خیر المجالس** سے اس کی توثیق ہوتی ہے۔ ۷۵۷ھ/۱۵۵٦ء کو دہلی میں فوت ہوئے۔، عبد الحی الحسنی، **نزھة الخواطر**، ۲: ۲۰۹؛ محمد اسحاق، **علم حدیث میں برعظیم پاک وہند کا حصہ**، ۷۹۔

۳۷۔ آپ کا نام سلطان علاء الدین مسعود شاہ بن فیروز دہلوی ہے۔ حکومت کا آغاز ۷۳۹ھ/۱۳۳۸ء میں کیا۔ اپنے دور حکومت میں عدل و انصاف قائم کرنے کی سعی کی۔ لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے کام لیا۔ اپنے چچا جلال الدین مسعود اور ناصر الدین محمود کو قید سے رہا کروایا۔ آپ کے دور میں کثیر فتوحات ہوئیں۔ ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء میں حکومت سے سبکدوش ہوئے اور آپ کی جگہ آپ کے چچا ناصر الدین محمود حاکم مقرر ہوئے۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۱: ۱۲۸۔

۳۸۔ آپ کا نام ابو مجاہد فخر الدین محمد بن تغلق شاہ، دہلوی ہے۔ عادل کے نام سے مشہور ہوئے۔ ہند میں پیدا ہوئے یہیں پرورش پائی۔ آپ کے والد ترک تھے۔ آپ کے دور میں بہت فتوحات ہوئیں۔ علما کی بھی بہت قدر کرتے۔ دور دراز سے لوگ سفر کر کے آپ کے پاس آتے۔ ابن بطوطہ نے آپ کی تعریف کی کہ آپ کا رویہ عوام کے ساتھ مثالی تھا۔ آپ ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء میں فوت ہوئے۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۲: ۱۹٦۔

کے والد سید یوسف راجو قتال (م ۷۳۱ھ / ۱۳۳۰ء) (۳۹) نے بھی دہلی کو چھوڑا اور دولت آباد آ گئے۔ حدیث اور فقہ کا ابتدائی علم (خلد آباد) میں حاصل کیا۔ ۷۳۶ھ / ۱۲۳۹ء کو اپنے بھائی سید حسین کے ہمراہ دہلی میں پیر نصیر الدین چراغ دہلی (م ۷۵۷ھ / ۱۵۵۶ء) کے ہاتھ پر بیعت کی۔ پیر نصیر الدین نے آپ کو ۷۵۷ھ / ۱۵۵۶ء کو اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ پیر نصیر الدین ۱۷/ رمضان المبارک ۷۵۷ھ / ۱۵۵۶ء میں فوت ہوئے تو ان کی وفات کے بعد تیسرے دن سید گیسو دراز ان کے خلیفہ بنے۔ ۸۰۰ھ / ۱۳۹۷ء تک دہلی میں اپنے پیر و مرشد کی تعلیمات کی تبلیغ کرتے رہے۔ تاہم چوالیس (۴۴) سال لوگوں کی رہ نمائی کے لیے دہلی میں قیام کیا۔

چالیس برس کی عمر میں (رضا) نام کی عورت سے عقد کیا۔ یہ سید احمد بن مولانا سید جمال الدین مغربی رحمۃ اللہ علیہ (آپ بلند پایہ محدث اور فقیہ تھے) کی صاحب زادی تھیں جن سے آپ کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ اپنے خاندان کے ساتھ ۷/ ربیع الاول ۸۰۱ھ / ۱۳۹۸ء کو تیمور (۷۷۱۔۸۰۷ھ / ۱۳۶۹۔۱۴۰۴ء) (۴۰) کے حملے کی وجہ سے دہلی سے منتقل ہوئے اور ۸۰۶ھ / ۱۴۰۳ء کو گلبرگہ آئے۔ اس وقت فیروز شاہ بھمنی (۸۰۰ھ تا ۸۲۵ھ / ۱۳۹۷ء تا ۱۴۲۲ء) (۴۱) حاکم تھا۔ اس نے آپ کو بہت عزت دی، عقیدت مند بن گیا اور گلبرگہ میں

---

۳۹۔ آپ کا نام شیخ یوسف بن علی حسینی، دہلوی ہے۔ شعری لقب راجہ تھا پھر راجو قتال کے نام سے مشہور ہوئے۔ شجرہ نسب یحییٰ بن حسین بن زید شہید سے جاملتاہے۔ علم طریقت مجاہد نظام الدین محمد بن احمد بدایونی سے حاصل کیا۔ ۷۲۵ھ / ۱۳۲۵ء میں دولت آباد کا سفر کیا وہیں سکونت اختیار کر لی۔ یہاں شیخ برہان الدین محمد ہانسری غریب کی صحبت اختیار کر لی۔ ماہِ شوال ۷۳۱ھ / ۱۳۳۰ء میں فوت ہوئے۔ آپ کی قبر روضہ مقبرہ میں ہے۔ الحسنی، مصدرِ سابق، ۲: ۲۱۸۔

۴۰۔ اس بادشاہ کا نام تیمور لنگ تھا۔ لنگ سے مراد لنگڑا ہے۔ اسے ایک چرواہے سے تیر لگا تھا جس کی وجہ سے تیمور لنگ کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ ترک قبیلے برلاس سے اس کا تعلق تھا۔ اس کے اجداد میں سے کوئی چنگیز خان کا رشتہ دار تھا۔ یہ ایک جابر حکم ران تھا۔ اسے قتل و غارت کا بہت شوق تھا، ۷۷۱ھ / ۱۳۶۹ء کو ماوراء النہر کا خلیفہ بنا اور سمرقند کو اپنا دار الخلافہ بنایا۔ مختلف علاقے فتح کرتے کرتے ۸۰۰ھ / ۱۳۹۷ء میں شمالی ہند، دہلی اور کشمیر پر حملہ کیا اور قتل و غارت کا بازار گرم کیا۔ مختلف علاقوں کو فتح کرتے کرتے چین کی طرف جا رہا تھا کہ دوران سفر میں ۸۰۷ھ / ۱۴۰۴ء کو فوت ہوا۔ احمد معمور العسیری، **موجز التاريخ الإسلامي منذ عهد آدم عليه السلام (تاريخ ما قبل الإسلام) إلى عصرنا الحاضر ١٤١٧ هـ/ ٩٦ - ٩٧ م** (فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية، ۱۴۱۷ھ - ۱۹۹۶ء)، ۱: ۲۸۹۔

۴۱۔ آپ کا نام فیروز شاہ بن داود بن حسن بہمنی تھا۔ دکن کے حاکم تھے۔ گلبرگہ میں پیدا ہوئے، وہیں نشو نما پائی۔ ۶/ برس کی عمر میں والد فوت ہوئے تو آپ کو آپ کے چچا محمود شاہ نے پالا پوسا۔ علامہ فضل اللہ بن فیض اللہ شیرازی سے علم حاصل کیا۔ انتہائی ذہین تھے۔ آپ کے دور حکومت میں آپ کے پاس علما بہت زیادہ آتے۔ آپ کے دور میں کسی اور کے پاس اہل علم اتنی

قیام کی درخواست کی۔ آپ نے لوگوں کی رہ نمائی کے لیے تقریباً بائیس سال گلبرگہ میں قیام کیا۔ لوگوں کو بعد از ظہر زیادہ تر تفسیر اور حدیث کا درس دیتے تھے۔ اہم اساتذہ بہادر،[۴۲] قاضی عبد المقتدر (م ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء)[۴۳] شرف الدین کیتھلی، تاج الدین مقدم تھے۔ اہم تصانیف کتاب **الأربعین**، **رسالہ سیرت النبی**، **شرح مشارق الأنوار**،[۴۴] **ترجمان مشارق الانوار** (فارسی) وغیرہ ہیں۔ ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء میں گلبرگہ میں فوت ہوئے۔[۴۵]

## محمد بن محمد، المکرانی الاصلی (م ۸۵۵ھ/۱۴۲۲ء)

آپ کا نام و نسب محمد بن محمد بن عبد اللہ بن محمد بن ہادی بن محمد بن ابی الحسن بن ابی الفتوح ابراہیم بن

---

کثرت سے جمع نہیں ہوئے۔ علم سے اس قدر شغف تھا کہ آپ ہفتے میں تین دن تدریس بھی کیا کرتے اور اگر دن کو وقت نہ ملتا تو رات کو پڑھا لیتے۔ آپ متعہ کو بھی جائز سمجھتے تھے۔ اچھے شاعر بھی تھے۔ ۱۵/ شوال ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء میں فوت ہوئے۔ (عبد الحی الحسنی، **نزھۃ الخواطر**، ۳: ۲۶۴۔)

۴۲۔ آپ کا نام تاج الدین مقدم، دہلوی ہے۔ فقہ، اصول فقہ اور عربی علوم میں ماہر تھے۔ علاء الدین محمد شاہ خلجی کے دور میں تدریس بھی کرتے تھے۔ اہم تلامذہ میں محمد بن یوسف حسینی دھلوی ہیں۔ مشہور مورخ برنی کی آپ سے ملاقات ہوئی۔ اس نے آپ کا اپنی کتاب میں بھی تذکرہ کیا۔ آپ کی تاریخ وفات کا علم نہ ہو سکا، تاہم آپ نویں صدی ہجری میں فوت ہوئے۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۱۲: ۱۴۸۔

۴۳۔ آپ کا نام قاضی عبد المقتدر بن محمود دہلوی ہے۔ تھانیسر میں پیدا ہوئے۔ دہلی میں پرورش پائی۔ ادب اور انشا میں ماہر تھے۔ آپ کے اساتذہ شمس الدین محمد بن یحیی اودھی، نصیر الدین محمود بن یحیی اودھی ہیں۔ اہم تلامذہ، قاضی شہاب الدین دولت آبادی، ابو الفتح بن عبد الحی بن عبد المقتدر الکندی ہیں۔ اہم تصنیف ناقب الصدیقین ہے۔ ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ میں فوت ہوئے۔ (عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۲: ۱۷۱۔ الزرکلی، **الأعلام**، ۴: ۱۵۶۔ ابو الطیب محمد صدیق خان بن حسن بن علی ابن لطف اللہ الحسینی البخاری القِنَّوجی، **أبجد العلوم** (دار ابن حزم، ۲۰۰۲ء)، ۱: ۶۹۴۔

۴۴۔ ظفر الاسلام اصلاحی، **اسلامی علوم کا ارتقاء عہد سلطنت کے ہندوستان میں** (نئی دہلی: اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۲۰۱۲ء)، ۷۷۔

۴۵۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، **نزھۃ الخواطر**، ۳: ۲۷۷؛ الزرکلی، مرجع سابق، ۷: ۱۵۴؛ مفتی غلام سرور لاہوری، **خزینۃ الأصفیاء**، ترجمہ: پیر زادہ علامہ اقبال احمد فاروقی (لاہور: مکتبہ نبویہ، ۱۹۷۳ء)، ۲: ۲۶۸؛ عمر بن رضا کحالہ، **معجم المؤلفین** (بیروت: دار إحیاء التراث العربي)، ۱۲: ۱۳۰؛ عادل نویھض، **معجم المفسرین** (بیروت: مؤسسۃ نویض الثقافیۃ للتألیف والترجمۃ والنشر، ۱۴۰۹ھ-۱۹۸۸ء)، ۲: ۶۵۲؛ محمد اسحاق بھٹی، **فقہائے ہند**، ۲: ۴۲۴-۴۳۰۔

حسان السید عفیف الدین ابو بکر بن النور ابی عبد اللہ بن جلال ابی محمد بن المعین ابی عبد اللہ بن القطب الحسینی، الحسنی (والدہ کی طرف سے)، المکرانی الاصلی، النیریزی المولد، الایجی الشرازی، الشافعی ہے۔

۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء کو ایج میں پیدا ہوئے اور پھر مکہ مکرمہ میں سکونت اختیار کر لی۔ حدیث و علوم الحدیث، تصوف اور مختلف فنون کا علم اپنے والد اپنے بھائی الصفی عبد الرحمٰن اور العز ابراہیم الایجی وغیرہ سے حاصل کیا۔ ادب اور تصنیف و تالیف کے کام میں دل چسپی رکھتے تھے۔ التنوخی، البرہان بن فرحون، ابن الصدیق، العراقی (م ۸۰۶ھ/۱۴۰۳ء)، البلقینی (م ۸۰۵ھ/۱۴۰۲ء)[۴۶] ابن، الملقن (م ۸۰۴ھ/ ۱۴۰۱ء میں)،[۴۷] المراغی (م ۸۱۶ھ/ ۱۴۱۳ء) وغیرہ سے اجازت حاصل کی۔ آپ کا علمی مقام اس قدر بلند تھا کہ السخاوی (م ۹۰۲ھ/۱۴۹۷ء) جیسے محدث کو بھی آپ سے اجازت حاصل تھی۔ آپ نے **الشمائل النبوية** نامی تالیف کی۔ **شمائل ترمذی** اور **أربعين نووی** پر حواشی بھی لکھے۔ گیارہ (۱۱) ذوالحجہ ۸۵۵ھ/۱۴۲۲ء میں کو منیٰ میں حج ادا کرنے کے بعد فوت ہوئے۔ مسجد خیف میں نماز جنازہ پڑھنے کے بعد معلاۃ قبرستان میں دفن کیے گئے۔[۴۸]

## بدرالدین الدمامینی (م ۸۲۷ھ/۱۴۲۴ء)

آپؒ کا نام و نسب الشیخ الامام العلامہ بدر الدین محمد بن ابی بکر بن عمر بن ابی بکر بن محمد بن سلیمان بن جعفر بن یحیی بن حسین بن محمد بن احمد بن ابی بکر ابن یوسف بن علی بن صالح بن ابراہیم البدر المخزومی الاسکندسری، الہندی الکجراتی، المالکی النحوی الادیب ہے۔ آپ ابن الدمامینی/الدمامینی کے نام سے مشہور

---

۴۶۔ آپ کا نام عمر بن رسلان بن نصیر بن صالح الکنانی، عسقلانی، بلقینی، مصری، شافعی ابو حفص، سراج الدین ہے۔ آپ ۷۲۴ھ/۱۳۲۴ء میں بلقین میں پیدا ہوئے۔ قاہرہ میں تعلیم حاصل کی، شام کے قاضی بھی رہے۔ آپ کی اہم کتب **التدريب، تصحيح المنهاج، محاسن الاصطلاح** ہیں۔ قاہرہ میں ۸۰۵ھ/۱۴۰۲ء میں فوت ہوئے۔ (الزرکلی، مرجع سابق، ۵: ۴۶۔)

۴۷۔ آپ کا نام ابن الملقن سراج الدین ابو حفص عمر بن علی بن احمد بن محمد انصاری ہے۔ آپ ۷۲۷ھ/۱۳۲۶ء میں پیدا ہوئے۔ ابن سید الناس سے سماع کیا اور الزین الرجبی اور مغلطای کی صحبت میں رہے۔ جوانی کی عمر میں تصنیف و تالیف کا کام شروع کیا حتیٰ کہ اپنے زمانہ میں سب سے زیادہ صاحب تصانیف تھے۔ ماہِ ربیع الاول ۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء میں فوت ہوئے۔ (جلال الدین السیوطی، **حسن المحاضرة في تاريخ مصر والقاهرة** (مصر: دار إحياء الكتب العربية، عيسى البابي الحلبي وشرکاؤہ، ۱۳۸۷ھ/ ۱۹۶۷ء)، ۱: ۴۳۶۔

۴۸۔ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۹: ۱۲۶۔

ہوئے۔[۴۹]

۷۶۳ھ /۱۳۶۱ء میں مصر کے شہر اسکندریہ ( دمامین) میں پیدا ہوئے۔ اسکندریہ میں ہی پرورش پائی اور وہاں اپنے دادا بھاء الدین بن الدمامینی، ابن خلدون (م۸۰۸ھ /۱۴۰۵ء)[۵۰] اور دیگر علما سے علمی استفادہ کیا۔ پھر آپ قاہرہ چلے گئے۔ قاہرہ میں سراج بن ملقن (م۸۰۴ھ /۱۴۰۱ء) وغیرہ سے استفادہ کیا اور یہاں آپ بہ طور نحوی، شاعر اور فقیہ مشہور ہوئے۔ اسکندریہ کے متعدد مدارس میں تدریس کی۔ اسکندیہ اور قاہرہ میں قاضی کے فرائض بھی سر انجام دیتے رہے۔ جامعہ ازہر میں صدر مدرس کی حیثیت سے کام کرتے رہے اور فتوی دینے کی خدمت بھی کرتے رہے۔ مکہ معظمہ میں نویری[۵۱] سے علم حاصل کیا۔[۵۲]

۸۰۰ھ /۱۳۹۷ میں دمشق میں داخل ہوئے پھر وہاں سے حج کرنے کے لیے مکہ معظمہ روانہ ہو گئے۔ مکہ سے واپس قاہرہ آگئے اور کسب معاش کے سلسلے میں درزیوں کا کام شروع کیا۔ ان دنوں میں آپ کا گھر جلا دیا گیا اور آپ مقروض ہو گئے حتیٰ کہ آپ قرض مانگنے والوں سے تنگ آکر قاہرہ سے روانہ ہو گئے۔ تاہم ایک مرتبہ پھر بہ سلسلۂ قرض قاہرہ آئے اس کے بعد جلد ہی آپ کے معاشی حالات بہتر ہو گئے اور آپ نے ایک مرتبہ پھر ۸۱۹ھ /۸۱۶ء میں حج کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اور ۸۲۰ھ /۱۴۱۷ء میں یمن (مغربی ایشیا میں واقع مشرق

---

۴۹۔ السخاوی، نفسِ مصدر، ۵: ۱۷۵؛ الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۶۸؛ محمد بن علی الیمنی الشوکانی، **البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع** (بیروت: دار المعرفة، س ن)، ۲: ۱۵۰؛ الزرکلی، مرجعِ سابق، ۶: ۵۷۔

۵۰۔ آپ کا نام ابن خلدون، قاضی القضاۃ ولی الدین عبد الرحمٰن بن محمد بن محمد المخزومی ہے۔ ۷۳۳ھ /۱۳۳۲ء میں پیدا ہوئے۔ واد یاشی وغیرہ سے سماع کیا۔ فقہ کی تعلیم قاضی جماعہ بن عبد السلام سے حاصل کی۔ مختلف علوم وفنون میں ماہر تھے۔ قاہرہ میں فقہ مالکی کے قاضی بھی رہے۔ مشہور زمانہ تصنیف **التاریخ الکبیر** ہے۔ رمضان ۸۰۸ھ /۱۴۰۵ء میں فوت ہوئے۔ (جلال الدین السیوطی، **حسن المحاضرة في تاريخ مصر والقاهرة**، ۱: ۴۶۲۔)

۵۱۔ آپ کا نام محمد بن احمد النویری المکی ہے۔ آپ نے دمشق کا سفر کیا اور مزی اور جزری سے سماع کیا۔ بعد ازاں، عیسیٰ بن عبد اللہ، قاضی نجم الدین طبری سے سماع کیا۔ اپنے وقت کے مستند عالم تھے مکہ میں ۲۳ر سال قاضی رہے۔ آپ کے اساتذہ تقی سبکی، تاج مراکشی، جمال بن ہشام وغیرہ ہیں۔ ۷۸۶ھ /۱۳۸۴ء کو مکہ میں فوت ہوئے۔ (ابن حجر العسقلانی، **إنباء الغمر بأبناء العمر**، ۱: ۲۹۶۔)

۵۲۔ عبد الرحمن بن ابی بکر السیوطی، **بغية الوعاة في طبقات اللغويين والنحاة**، (لبنان: المکتبة العصرية)، ۱: ۶۶؛ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۶۸؛ الشوکانی، **البدر الطالع**، ۲: ۱۵۰۔

وسطیٰ کا ایک اسلامی ملک) کی جامع مسجد الزبید میں تدریس کا کام شروع کیا وہاں ایک سال تک پڑھاتے رہے۔خلیفہ مؤید احمد شاہ (م۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء) کے زمانۂ حکومت میں یمن میں فقہ مالکی کے قاضی مقرر کیے گئے۔ایک سال بعد ہندوستان تشریف لائے۔[۵۳] شعبان کے ماہ ۸۲۰ھ/ستمبر ۱۴۱۷ء میں الملک المؤید احمد شاہ اول(م۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء)[۵۴] بن محمد بن مظفر شاہ بہمنی کے دور حکومت(۸۱۴تا۸۴۳ھ بمطابق۱۴۱۱ تا ۱۴۴۳ء) میں گجرات تشریف لائے۔احمد شاہ علما کی بہت قدر کرتا تھا۔دور دراز علاقوں سے اہلِ علم اس کے پاس جمع ہوتے۔بہت سے اہل علم نے احمد شاہ کے نام اپنی کتابیں بھی منسوب کیں۔آپ بھی احمد شاہ کی علم دوستی سے متأثر ہوئے اور بہمنیوں کے دار الحکومت گلبرگہ کا رخ کیااور زندگی کے آخری آیام وہیں گزارے۔[۵۵]

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اہم اساتذہ بہاء الدین بن الدمامینی،[۵۶] سراج الدین بن ملقن(م۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء)[۵۷] (ابو حفص عمر بن احمد بن محمد اندلسی جو کہ ابن الملقن کے نام سے مشہور ہیں)،ابو جعفر احمد بن علی اندلسی (م۷۷۰ھ/۱۳۶۸ء)،[۵۸] ابو عبد اللہ محمد بن عرفہ (م۸۰۳ھ/۱۴۰۰ء) ،[۵۹] جلال الدین بلقینی (م۸۲۴ھ/

---

۵۳- عبد الحی الحسنی،مصدرِ سابق،۳: ۲۶۸؛ عبد الحیٔ بن احمد العکری الحنبلی،**شذرات الذهب**،۹: ۲۶۲؛ش السخاوی،مصدرِ سابق،۲: ۱۰۵؛ ۵: ۵۳۔

۵۴- آپ کا نام الملک المؤید،ابو الفضل احمد بن محمد بن مظفر گجراتی ہے۔۷۹۳ھ/۱۳۹۰ء میں پیدا ہوئے۔۸۱۴ ھ/۱۴۱۱ء میں حکومت کا آغاز کیا۔آپ ایک نیک حکم ران تھے آپ کے دور میں کافی فتوحات ہوئیں۔گجرات میں احمد آباد کے نام سے ایک شہر آباد کرنے کے بعد اپنی حکومت کا دار الخلافہ بنایا۔آپ کے دور میں اہل علم کی حوصلہ افزائی کی گئی جس کی وجہ سے مختلف جگہوں سے اہل علم آپ کے پاس جمع ہونے لگے اور آپ کے نام سے منسوب مختلف کتابیں تصانیف کرنے لگے۔امام بدر الدین الدمامینی نے بھی **مصابيح الجامع** کے نام سے **بخاری شریف** کی شرح آپ کے نام منسوب کی۔آپ کی وفات ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء میں ہوئی۔(عبد الحی الحسنی،مصدرِ سابق،۳: ۲۳۱۔)

۵۵- عبد الحی الحسنی،مصدرِ سابق،۳: ۲۳۱۔

۵۶- السخاوی،**الضوء اللامع**،۷: ۱۸۵۔

۵۷- السخاوی، نفس مصدر۔

۵۸- آپ کا نام ابن خاتمہ،ابو جعفر احمد بن علی ،الانصاری الاندلسی ہے۔ابن خاتمہ کے نام سے مشہور ہوئے۔آپ مالکی ادیب تھے۔آپ نے **رائق التحلية في فائق التوية**،**مزية المرية على غيرها من البلاد الاندلسية**،**تحصيل غرض القاصد في تفصيل المرض الوافد** تصانیف کیں۔تقریبا ۷۷۰ھ/۱۳۶۸ء میں فوت ہوئے۔(اسماعیل باشا البغدادی ،**هدية العارفين أسماء المؤلفين وآثار المصنفين**، مؤسسة التاريخ العربي ،۱: ۱۱۳۔)

۵۹- آپ کا نام ابو عبد اللہ محمد بن محمد ،التونسی المالکی ہے۔آپ مغرب میں شیخ الاسلام تھے۔تونس میں ۷۱۶ھ/۱۳۱۶ء میں پیدا

۱۴۲۱ء)،[۶۰] عبد الوہاب قروی (م۷۸۸ھ/۱۳۸۶ء)،[۶۱] المجد اسماعیل حنفی (م۸۰۲ھ/۱۳۹۹ء)،[۶۲] عبد الرحمٰن بن خلدون (م۸۰۳ھ / ۱۴۰۰ء)،[۶۳] ابو زید عبد الرحمٰن بن محمد جو کہ ابن خلدون کے نام سے مشہور ہیں وغیرہ ہیں۔ اہم تلامذہ احمد الدمامینی (م۸۶۰ھ / ۱۴۵۵ء)،[۶۴] زین الدین انصاری[۶۵] (عبد اللہ بن علی بن صالح بن عبد

---

ہوئے۔ ابن عبد السلام الہواری، الوادی آشی سے صحیحین اور ابن سلمہ وغیرہ سے سماع کیا۔ اصول، فروع، عربی معانی، بیان، فرائض، حساب میں ماہر تھے۔ عبادت گزار، متقی انسان تھے۔ آپ کے پاس کثیر تعداد میں لوگ استفادے کے لیے جمع ہوتے رہتے تھے۔ آپ کی اہم تصانیف: **مختصر الحوفي، المبسوط في المذهب، تفسير ابن عرفة** وغیرہ ہیں۔ چوبیس جمادی الآخرہ ۸۰۳ھ / ۱۴۰۰ء میں فوت ہوئے۔ (عبد الحی بن احمد، **شذرات الذهب**، ۹ :۶۱؛ السیوطی، **بغية الوعاة**، ۱ :۲۲۹۔)

۶۰- آپ کا نام عبد الرحمٰن بن عمر بن رسلان بن نصیر قاضی القضاۃ جلال الدین ابو الفضل بن شیخ الاسلام سراج الدین، قاہری، شافعی، بلقینی ہے۔ آپ جمادی الاولیٰ ۷۶۲ھ / ۱۳۶۰ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔ آپ نے قرآن مجید حفظ کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد فنون کے متن بھی حفظ کیے۔ آپ حدیث، فقہ واصول فقہ، تفسیر اور عربی علوم میں ماہر تھے۔ آپ متعدد مرتبہ قاضی کے منصب پر بھی فائز رہے۔ آپ ماہِ شوال ۸۲۴ھ / ۱۴۲۱ء میں فوت ہوئے۔ (ابو المحاسن جمال الدین یوسف بن تغری بردی بن عبد اللہ الظاہری الحنفی، **المنهل الصافي والمستوفى بعد الوافي** (الهيئة المصرية العامة للكتاب)، ۷: ۱۹۷؛ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۴: ۱۰۶۔)

۶۱- آپ کا نام عبد الوہاب بن محمد، الاسکندری ہے۔ آپ نے عبد الرحمٰن بن مخلوف سے متعدد کتابوں کا سماع کیا۔ ان میں سے **المحدث الفاضل** اور **الدعاء للمحاملي** ہیں۔ محمد بن عبد المجید اور الرضی الطبری سے بھی سماع کیا۔ ۸۶ / سال کی عمر میں ماہِ ذی القعدہ ۷۸۸ھ / ۱۳۸۶ء میں فوت ہوئے۔ (ابن حجر العسقلانی، **إنباء الغمر بأبناء العمر**، ۱: ۳۲۵؛ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۷: ۱۸۵۔)

۶۲- آپ کا نام قاضی مجد الدین اسماعیل بن ابراہیم البلبیسی ہے۔ فقہ، ادب اور فرائض میں ماہر تھے۔ علم فرائض میں تالیف کی۔ رشاطی کی **کتاب الأنساب** کو مختصر کیا۔ قاہرہ میں احناف کے قاضی کے فرائض بھی سر انجام دیتے رہے۔ ۸۰۲ھ / ۱۳۹۹ء میں فوت ہوئے۔ (السخاوی، مصدرِ سابق۔)

۶۳- السخاوی، نفس مصدر، ۷: ۱۸۴۔

۶۴- آپ کا نام احمد بن محمد بدر الدین الدمامینی الاسکندری المالکی ہے۔ ۷۹۰ھ / ۱۳۸۸ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد سے **الرسالة، الألفية** اور **الحاجية** کا علم حاصل کیا۔ جمال بن خراط سے سماع کیا اور ایک جماعت سے اجازت بھی حاصل کی۔ تقریباً ۸۶۰ھ / ۱۴۵۵ء میں فوت ہوئے۔ السیوطی، **نظم العقيان في أعيان الأعيان** (بیروت: المكتبة العلمية)، ۱: ۵۳؛ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۹: ۱۲۶؛ ۲: ۱۰۵۔)

۶۵- محمود محمد العمودی، **موقف الدماميني من الاستشهاد بشعر المولدين في ضوء كتابه "المنهل الصافي"، مجلة الجامعة الإسلامية**، غزۃ فلسطین، (۲۰۰۴ء)، ج۱۲، ۵۳۱، ۵۵۴۔

المنعم الانصاری الخزرجی)، الزین عبادۃ(م۸۴۶ھ / ۱۴۴۲ء)[۲۶] ہیں۔اہم تصانیف **تحفة الغريب في حاشية مغني اللبيب، شرح البخاري،شرح التسهيل،شرح الخزرجية،جواهر البحور في العروض، الفواكه البدرية،مقاطع الشرب، نزول الغيث، عين الحياة:مختصر حياة الحيوان للدميري، تعليق المصابيح على أبواب الجامع الصحيح،الفتح الرباني في الرد على التبياني المعترض على شرحه البخاري**[۲۷] وغیرہ ہیں۔شعبان۸۲۷ھ / جولائی۱۴۲۴ء میں گلبرگہ میں فوت ہوئے۔

## حسین بن معز بہاری(م۸۴۴/۱۴۴۱ء)

آپ کا نام و نسب حسین بن معز الدین البلخی البہاری ہے۔نوشاے توحید کے نام سے مشہور ہوئے۔[۲۸] آپ سلسلہ فردوسیہ سے تعلق رکھنے والے صوفی تھے۔مخدوم شرف الدین احمد بن یحییٰ منیری کے ہاں پرورش پائی اوران کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اپنے چچا شیخ مظفر(م ۸۰۳ھ / ۱۴۰۱ء) بن شمس الدین بلخی سے حدیث کا علم حاصل کیا۔پھر اپنے چچا کے ہمراہ حرمین شریفین کا سفر کیا۔وہاں چار سال تک قیام کیا۔مکہ مکرمہ میں مختلف ماہر اساتذہ سے قرآن و حدیث کا علم حاصل کیا۔آپ کے والد محترم بھی مکہ مکرمہ میں فوت ہوئے۔آپ کے والد نے آپ کو صحیح مسلم کا ایک نسخہ بھی دے رکھا تھا جس سے آپ مطالعہ کیا کرتے اور اگر آپ کے والد کو ضرورت ہوتا تووہ لے لیتے۔[۲۹] پھر آپ مکہ مکرمہ سے اپنے چچا مظفر(م ۸۰۳ھ / ۱۴۰۱ء) کے ہمراہ عدن چلے گئے۔عدن میں کچھ وقت تک قیام کیا،وہاں کے ایک محدث خطیب العدنی سے حدیث کا علم حاصل کیا۔آپ کے چچا نے آپ کو اپنا خلیفہ مقرر

---

۲۶- آپ نام علامہ زین الدین عبادہ بن علی القاہری المصری ہے۔باعمل جید عالم تھے۔مختلف فنون میں اکابر اہل علم سے استفادہ کیا۔تنوخی،زفتاوی،حلاوی ہیثمی اور عراقی وغیرہ سے سماع کیا۔۸۴۶ھ / ۱۴۴۲ء میں فوت ہوئے۔(زین الدین عبد الباسط بن ابی الصفاء القاہری الحنفی،**نیل الأمل في ذيل الدول**، الهيئة المصرية العامة للكتاب، ۷: ۵۲؛السخاوی،**الضوء اللامع**، ۷: ۱۸۶)۔

۲۷- اسماعیل بن محمد البابانی البغدادی،**إيضاح المكنون في الذيل على كشف الظنون** (بيروت: دارإحياء التراث العربي،س ن)،۴: ۱۶۲؛ظفر الاسلام اصلاحی،**اسلامی علوم کا ارتقاء عہد سلطنت کے ہندوستان میں**،۷۷۔

۲۸- الحسنی،**نزهة الخواطر**،۳: ۲۴۵۔

۲۹- ظفر الاسلام اصلاحی،مرجع سابق،۶۳۔

کیا اور خود عدن ہی میں فوت ہو گئے۔ آپ نے عدن کو خیر باد کہا اور واپس ہندوستان لوٹ آئے ہندوستان میں آپ نے اپنے بیٹے محمد (م ۹۳۰ھ/۱۵۲۳ء) کو اپنا خلیفہ بنایا۔[۷۰] آپ کے اہم اساتذہ شیخ مظفر (م ۸۰۳ھ/ ۱۴۰۱ء) بن شمس الدین بلخی، الشیخ شمس الدین الخوارزمی،[۷۱] الشیخ شمس الدین الحلوی، الخطیب العدنی ہیں۔[۷۲] اہم تصانیف **حضرات الخمس في التوحيد، دیوان فارسی، رسالہ ارادہ فصلی** (اس رسالہ میں صحاح ستہ، بیہقی اور **المستدرک** للحاکم سے کثرت سے احادیث ذکر کی گئی ہیں)[۷۳] وغیرہ ہیں۔ ذی الحجہ ۸۴۴/۱۴۴۱ء کو منیر میں فوت ہوئے۔

## شیخ محمد عثانی، شمع برہانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۸۶۳ھ/۱۴۵۸ء)

آپ کا نام شیخ عثمان حسینی گجراتی ہے۔ نسب کے بارے میں معلومات دست یاب نہ ہو سکیں۔ لقب شمع برہانی ہے۔ آپ کی تاریخ پیدائش کا علم نہ ہو سکا۔ آپ کا تعلق گجرات سے تھا۔ مشہور فقیہ تھے۔ علمِ طریقت شیخ برھان الدین عبد اللہ بن محمود الحسینی البخاری (م ۸۵۷ھ/۱۴۵۳ء) سے حاصل کیا۔ ان کے پاس ایک طویل مدت تک قیام کیا۔ اس قدر بلند مرتبہ کو پہنچے کہ شیخ برہان الدین نے آپ کو اپنا خلیفہ مقرر کیا اور شمع برہانی کا لقب عطا کیا۔ پاک باز باعمل عالم تھے، جس کی وجہ سے مرجع خلائق رہے۔ علم تصوف، علم طریقت کے ساتھ ساتھ علم حدیث اور علم فقہ میں بھی دل چسپی رکھتے تھے۔ آپ احمد آباد کے قریب عثمان پور[۷۴] میں واقع مدرسہ شمع برہانی میں تفسیر، حدیث اور فقہ پڑھاتے تھے۔ یہ گاؤں آپ کی طرف منسوب تھا۔ آپ نے اسے آباد کیا تھا۔ یہ دریائے سابری کے کنارے واقع تھا۔

---

۷۰۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۳:۲۴۵-۲۴۶؛ ۴: ۳۹۹۔

۷۱۔ آپ کا نام شمس الدین الخوارزمی ہے آپ عربی علوم میں مہارت رکھتے تھے۔ سلطان غیاث الدین نے آپ کو شمس الدین کا لقب دیا تھا۔ آپ ایک اچھے مدرس تھے۔ آپ سے شیخ نظام الدین محمد بن احمد بدایونی اور کئی اہل علم نے علم حاصل کیا۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۱: ۱۰۳۔

۷۲۔ عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۴۵ – ۲۴۶۔

۷۳۔ عبد الحی الحسنی، نفسِ مصدر۔

۷۴۔ سید ابو ظفر ندوی، **گجرات کی تمدنی تاریخ مسلمانوں کے عہد میں** (اعظم گڑھ: ریسرچ اسکالرز ورنیکولر سوسائٹی احمد آباد، ۱۹۶۲ء)، ۱۹۶؛ ظفر الاسلام، مرجعِ سابق، ۶۷؛ ابو الحسنات ندوی، **ہندوستان کی قدیم اسلامی درس گاہیں** (اعظم گڑھ: دار المصنفین، ۲۰۱۴ء)، ۷۰۔

آپ سے سلطان محمود بن محمد (۸۶۳تا۹۱۷ھ /۱۴۵۸ تا ۱۵۱۱ء) حاکم گجرات بہت عقیدت رکھتا تھا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور بہت احترام کا اظہار کرتا۔ سلطان کے خاندان کے دیگر افراد بھی آپ کے پاس حاضر ہوتے عقیدت کا اظہار کرتے اور علمی استفادہ بھی کیا کرتے۔ سلطان کے کتب خانے کی اکثر کتابیں آپ کے پاس ہوتیں جن سے آپ استفادہ کرتے اور طلبہ کو بھی پڑھاتے۔ سلطان خود بھی آپ سے قرآن و حدیث اور تصوف کا علم حاصل کیا کرتا تھا۔ آپ عثمان پور میں جمادی الاولیٰ ۸۶۳ھ / ۱۴۵۸ء کو فوت ہوئے اور وہیں دفن کیے گئے۔(۷۵)

## محمود گاوان (۸۱۳ھ تا۸۸۶ھ ۱۴۱۰ءتا۱۴۸۱ء)

آپ کا نام ونسب عماد الدین محمود بن محمد بن احمد الکیلانی ہے۔ آپ ہندوستان میں محمود گاوان کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ ملک التجار اور خواجہ جہاں کے ناموں سے بھی جانے جاتے ہیں۔(۷۶)

آپ ایران (صوبہ گیلان) میں۸۱۳ھ /۱۴۱۰ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق شاہی خاندان سے تھا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے بھائی احمد(۷۷) سے حاصل کی۔ حدیث میں اعلیٰ تعلیم کے لیے قاہرہ، شام اور مختلف ممالک کا رخ کیا۔ معقولات اور منقولات دونوں میں دست رس رکھتے تھے اور خصوصاً علم ریاضی، علم طب، علم الانشاء اور ادب میں آپ ماہر تھے۔ تینتالیس(۴۳) سال کی عمر میں بغرض تجارت ہندوستان (دکن) آئے اور بہمنی سلطنت کے بادشاہ علاء الدین(م ۸۶۲ھ /۱۴۵۷ء)(۷۸) کے بہت قریب ہو گئے یہاں تک کے بادشاہ نے

---

۷۵۔ عبدالحی الحسنی، مرجع سابق، ۳: ۲۵۹؛ **تاریخ اولیاء گجرات**، ترجمہ: مرآۃ احمد، ترجمہ: ندوی سید ابو ظفر، مولوی، (گاندھی نگر: گجرات اردو اکیڈمی، ۱۹۹۳ء)، ۴۱؛ محمد اسحاق بھٹی، **فقہائے ہند**، ۳: ۳۹۷؛ سید ابو ظفر ندوی، **گجرات کی تمدنی تاریخ مسلمانوں کے عہد میں**، ۱۹۶؛ ظفر الاسلام اصلاحی، مرجع سابق، ۶۷۔

۷۶۔ عبدالحی الحسنی، مرجع سابق، ۳: ۲۸۰۔

۷۷۔ آپ کا نام احمد بن محمد بن احمد البدر الخوجا الشہاب الکیلانی، المکی، الشافعی ہے۔ السخاوی، **الضوء اللامع**، ۳: ۱۳۵۔

۷۸۔ آپ کا نام الملک المظفر علاء الدین بن احمد بن داود بن حسن البہمنی۔ آپ دکن کے فرمان روا تھے۔ آپ اپنے والد کے بعد ۸۳۸ھ / ۱۴۳۴ء میں حاکم بنے۔ عوام دوست حاکم تھے۔ آپ نے اہل کفر سے جزیہ وصول کیا۔ بہادری میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ کے دور میں متعدد فتوحات ہوئیں۔ ایک مثالی ہسپتال بنایا تھا جس میں بلا تفریق ہر کسی کو علاج کی سہولت میسر تھی۔ آپ کے دور میں اہل علم کی حوصلہ افزائی کی جاتی تھی۔ آپ ۲۳/ سال اور ۹/ ماہ حکومت کرنے کے بعد احمد آباد میں ۸۶۲ھ /۱۴۵۷ء میں فوت ہوئے اور وہیں دفن کیے گئے۔ (الحسنی، مصدر سابق، ۳: ۲۵۹۔)

آپ کو امور سلطنت میں چند اختیارات سونپ دیے۔ آپ کو وزیر بنا دیا، [۷۹] جس کی وجہ سے آپ بہت مشہور ہوئے۔ سب لوگ آپ کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے۔ آپ نے دکن (بیدر) میں ۸۷۶ھ / ۱۴۷۱ کو ایک دینی درس گاہ قائم کی اور اپنی ذاتی کتب تقریباً ۳۰ ہزار سے ۳۵ ہزار تک اس میں رکھیں۔ شافعی مسلک کے محدث تھے اس لیے آپ نے علم حدیث کے متعلق کتب اس درس گاہ میں لازمی رکھی ہوں گی۔ [۸۰] آپ کے اہم اساتذہ شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی (م ۸۵۲ھ / ۱۴۴۸ء)، زین الدین زرکشی (م ۸۴۵ھ / ۱۴۴۱ء) [۸۱] وغیرہ ہیں۔ آپ کی اہم تصانیف: **مناظر الإنشاء،** [۸۲] **روضة الإنشاء** (یہ کتاب ان خطوط کا مجموعہ ہے جو آپ نے ہند اور بیرون ہند مختلف لوگوں کے نام لکھے تھے، اس کتاب میں بہت سی احادیث کا حوالہ دیا گیا ہے) ہیں۔ [۸۳] فارسی زبان میں ایک دیوان بھی لکھا جو کہ مختلف اشعار پر مشتمل ہے۔ محمد شاہ بہمنی ثانی (۸۶۷ تا ۸۸۷ھ / ۱۴۶۳ تا ۱۴۸۲ء) [۸۴] نے آپ کو ۸۸۶ھ / ۱۴۸۱ء میں ناحق قتل کروا دیا۔ [۸۵]

## شیخ علاء الدین الدہلوی (نویں صدی ہجری / پندرہویں صدی عیسوی)

آپ کا نام ونسب شیخ علاء الدین علی بن اسعد بن اشرف بن علی، ابو عبد اللہ، الحسینی، الدہلوی ہے۔ آپ کی تاریخ پیدائش کا علم نہ ہو سکا۔ آپ دہلی میں پیدا ہوئے وہیں پرورش پائی۔ دہلی کے اہم اساتذہ سے تعلیم حاصل

۷۹۔ السخاوی، مصدرِ سابق، ۱۰: ۱۴۴؛ محمد اسحاق رزاقی، **علم حدیث میں برعظیم پاک و ہند کا حصہ**، ترجمہ: شاہد حسین (لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۰۱۳ء)، ۱۰۵۔

۸۰۔ الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۸۰۔

۸۱۔ الحسنی، مصدرِ سابق۔

۸۲۔ الحسنی، مصدرِ سابق۔

۸۳۔ رزاقی، مرجع سابق، ۱۰۶۔

۸۴۔ آپ کا نام شمس الدین ابو المظفر محمد شاہ بن ہمایوں البہمنی ہے۔ آپ نظام کے بعد ۸۶۷ھ / ۱۴۶۲ء میں حاکم بنے۔ شیخ جہان التستری سے علم حاصل کیا اور اپنے دوست احباب میں ممتاز حیثیت اختیار کی۔ جوانی کی عمر میں سیاسی باگ ڈور سنبھالی۔ کاروبار سیاست کو چلانے کے لیے عماد الدین محمود الکیلانی کو اپنا وزیر منتخب کیا۔ عماد الدین نے ہر معاملے میں حسن کارکردگی دکھائی جس کی وجہ سے کچھ لوگ ان سے حسد کرنے لگے اور ایک سازش کا جال بنا کر آپ سے ان کو قتل کرنے کا حکم جاری کروا لیا۔ عماد الدین کے قتل ہونے کے بعد آپ کو بہت افسوس ہوا۔ آپ شدید بیمار ہو گئے اور اسی وجہ سے ۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء میں احمد آباد میں فوت ہو گئے۔ (الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۷۶۔)

۸۵۔ الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۸۰۔

کی۔ دہلی میں آپ نے جلال الدین حسین بخاری (م۷۹۵ھ / ۱۳۹۲ء)[۸۶] کی صحبت میں پہلی مرتبہ ۷۷۷ھ / ۱۳۷۵ء جب کہ دوسری مرتبہ ۷۸۱ھ / ۱۳۷۹ء کو رہے۔ ان سے مختلف علوم و فنوں سیکھے۔ ان سے علم حدیث میں **مشارق الأنوار، مصابيح السنة**، علم فقہ میں متفق، **مجمع البحرين، مختصر القدوري** اور **الهداية** کا کچھ حصہ، علم اصول میں **الحسامي** اور **أصول البزدوي**، علم الکلام میں **العقيدة النسفية، القصيدة اللا مية**، علم تفسیر میں **مدارك التنزيل** اور علم تصوف میں **عوارف، تعرف، رسالہ مکیہ** وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کی اہم تصانیف میں **خلاصة الألفاظ** اور **جامع العلوم** ہیں۔[۸۷]

## ابو السعود بن یونس مالکی رحمۃ اللہ علیہ (نویں صدی ہجری / پندرہویں صدی عیسوی)

آپ کا نام و نسب ابو السعود بن یونس بن رجب بن عبد لعال الزبیدی، القاہری الاصل، المکی، المالکی ہے۔ آپ کی تاریخ پیدائش کا علم نہ ہو سکا۔ شروع میں قرآن مجید اور فقہ میں **المختصر** وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کی ملاقات ۸۹۳ھ / ۱۴۸۷ء میں امام سخاوی (م۹۰۲ھ / ۱۴۹۷ء) سے ہوئی۔ آپ نے ان سے **ابن ماجه، العمدة، صحيح البخاري** کا اکثر حصہ، **سنن النسائي** کا نصف ثانی کا اکثر حصہ تھوڑے بہت کو چھوڑ کر، **سنن الترمذي** کا کچھ حصہ، **جامع الأصول** سے بعض، **الشفاء، القصيدة المنفرجة، المقاصد الحسنة** اور **التوجه للرب** وغیرہ کا درس لیا۔ امام سخاوی (م۹۰۲ھ / ۱۴۹۷ء) سے کثرت سے حدیث و علوم الحدیث کے دروس لیے۔ ۸۹۴ھ / ۱۴۸۸ء میں امام سخاوی کے پاس سے روانہ ہوئے اور بر صغیر آ گئے۔ بر صغیر بغرض تجارت آئے تھے۔ اس زمانے میں علما جب تجارتی سفر کرتے تو ساتھ ساتھ علمی سرگرمیاں بھی جاری رکھتے، چناں چہ آپ نے بر صغیر میں تجارت کرنے کے ساتھ ساتھ **الموطأ** وغیرہ کی کتابت بھی کی۔ ۸۹۷ھ /

---

۸۶۔ آپ کا نام سید جلال الدین حسین بن علی بن جعفر ہے۔ بخارا میں پیدا ہوئے، وہیں پرورش پائی، تعلیم و تربیت حاصل کی۔ آپ ہندوستان آئے اور بھکر میں بدر الدین بھکری کی بیٹی زہرہ سے شادی کر لی پھر ملتان گئے اور شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی سے ۷۳۵ھ / ۱۳۳۴ء میں ملے اور ان سے تعلیم حاصل کی۔ پھر واپس ملتان آ گئے اور جب آپ کی بیوی زہرہ فوت ہو گئی تو اس کی بہن فاطمہ سے شادی کر لی۔ پھر آپ اچ چلے گئے۔ آپ فقیہ تھے آپ سے کثیر تلامذہ نے استفادہ کیا۔ آپ ۱۹ / جمادی الاولیٰ ۷۹۵ھ / ۱۳۹۲ء میں فوت ہوئے۔ (الحسنی، مصدرِ سابق، ۱: ۹۴۔)

۸۷۔ الحسنی، مصدرِ سابق، ۳: ۲۶۰۔

۱۴۹۱ء میں مکہ مکرمہ گئے۔ آپ کے والد بھی آپ کے ساتھ بر صغیر تجارت کرنے کے لیے آئے تھے آپ ان کو ادھر ہی چھوڑ کر مکہ چلے گئے تھے۔ جب آپ مکہ گئے تو آپ کو اطلاع ملی کہ آپ کے والد فوت ہو گئے ہیں، چناں چہ آپ واپس بر صغیر آ گئے۔[۸۸]

مذکورہ بالا علما کی بر صغیر میں حدیث اور علوم الحدیث کے تناظر میں خدمات کے علاوہ پندرھویں صدی کے مندرجہ ذیل علما کی خدمات بھی قابل قدر ہیں۔ جیسے شیخ مظفر (م۸۰۳ھ / ۱۴۰۱ء) ، عبد اللہ بن شیرین رحمۃ اللہ علیہ (م۸۰۹ھ / ۱۴۰۷ء)، محمد بن عبد اللہ مالکی رحمۃ اللہ علیہ (م۸۱۰ھ / ۱۴۰۸ء)، عبد الرحمٰن بن حیدر الشیرازی (م۸۱۷ھ / ۱۴۱۴ء)، شیخ رکن الدین ظفر آبادی (م۸۲۰ھ / ۱۴۱۷ء)، الاشقر، الاقفھسی، خلیل بن محمد (م۸۲۰ھ / ۱۴۱۷ء)، الزمزمی، علی بن احمدؒ (م۸۲۴ھ / ۱۴۲۱ء)، نور الدین ظفر آبادیؒ (م۸۲۶ھ / ۱۴۲۳ء)، محمد بن ابی الفتحؒ (م۸۳۱ھ / ۱۴۲۷ء)، عبد الرحمٰن بن علیؒ (م۸۳۷ھ / ۱۴۳۳ء)، عبد الکریم بن علی المکیؒ (م۸۴۰ھ / ۱۴۳۶ء)، شیخ محمد بن حسین پٹنیؒ (م۸۴۷ھ / ۱۴۴۳ء) قاضی شہاب الدین (م۸۴۹ھ / ۱۴۴۵) وغیرہ۔

## خلاصۂ بحث و نتائج

اس مقالے میں ہندوستان کے علمائے حدیث اور ان کے حدیث کے حوالے کیے گئے کام کا ذکر کیا گیا ہے۔ چوں کہ ہندوستان کی علمی تاریخ بہت وسیع ہے، جس کا اس مقالے میں احاطہ کرنا بہت مشکل کام ہے۔ اس تاریخ کو تین ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: (پہلا دور) ۵۰ھ تا ۴۰۰ھ / ۶۷۰ء تا ۱۰۰۹ء ہے۔ (دوسرا دور) ۴۰۰ھ تا ۹۰۰ھ / ۱۰۰۹ء تا ۱۴۹۴ء ہے۔ ( تیسرا دور) ۹۰۰ھ / ۱۴۹۴ء تا حال تک پھیلا ہوا ہے۔ اس مقالے میں ہندوستان کے پندرھویں صدی عیسوی کے چیدہ چیدہ علمائے حدیث اور ان کی علمی خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے ۔

یوں تو بر صغیر میں حدیث اور علوم الحدیث پر کافی وشافی کام ہوا ہے جو مختلف کتب میں شائع ہو چکا ہے۔ ان تمام کتب سے استفادہ کرنا وقت طلب کام ہے۔ جدید تحقیق اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ علم حاصل کیا جا سکے۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے زیادہ تر محققین اختصار سے کام لے رہے ہیں، تاکہ عوام الناس کو کم سے کم وقت میں زیادہ علمی فائدہ حاصل ہو سکے۔ زیر نظر تحقیقی کام بھی اس سلسلے کی ایک کاوش ہے۔ اس مضمون کو پڑھنے سے اس بات کی امید کی جاسکتی ہے کہ قارئین کم سے کم وقت میں بر صغیر میں پندرھویں صدی عیسوی میں حدیث وعلوم الحدیث پر علما کے تحقیقی کام سے آگاہ ہو سکیں گے۔

---

۸۸ – عبد الحی الحسنی، مصدرِ سابق، ۱۱: ۱۱۵۔

## سفارشات

۱. زیر نظر مقالے کے عنوان پر "بر صغیر میں حدیث اور علوم الحدیث کے ضمن میں علما کی خدمات کا تحقیقی جائزہ پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی کے تناظر میں" کے نام پر ایک سیمینار منعقد ہونا چاہیے جس میں اہل علم اپنی اپنی معروضات اور تحقیقات پیش کریں تا کہ مزید حقائق سامنے آسکیں۔

۲. زیر نظر مقالے کو پرنٹ اور الکٹرانک میڈیا کی توسط سے عوام وخواص کے سامنے لانا چاہیے تا کہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔

۳. بر صغیر میں پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی کے تناظر میں علما کی خدمات حدیث اور علوم حدیث کو الگ زیر بحث لایا جانا چاہیے۔

۴. بر صغیر میں پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی کے تناظر میں علما کی خدمات کو اماکن کے حساب سے زیر تحقیق لایا جاسکتا ہے۔مثلاً پاکستان کے صوبہ جات کے حساب سے سندھ،پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، انڈیا کے صوبہ جات، بوٹان کے صوبہ جات وغیرہ۔

۵. بر صغیر میں پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی کے تناظر میں امام سخاوی کے تلامذہ کی خدمات حدیث و علوم الحدیث پر تحقیقی کام کی ضرورت ہے۔

# List of Sources in Roman Script


- Abdul Hai Bin Fakhar ud Din, *Nuzzat ul Khawatir*, Dar Ibn Khazam, 1909.
- Muhammad Ishaq Razzaqi, *Ilam e Hadith main Bar e Sagheer Pak o Hind ka Hissa,* Idara e Saqafat Islamia, 1977, 2013.
- Muhammad Baqir Khan Khakwani, *Uloom ul Hadith,*Idarah Matboghat Sulemani, Urdu Bazar, Lahor 2014.
- Muhammad Anwar bin Muhammad Ghani, *Nishat Ilm ul Hadis wa tatawaruhu fi shubil Qarat ul Hindiah*, Tehzib ul Afkar, Abdul Wali Khan University, Mardan, Vol: 5, 2018.
- Muhammad Arshad bin Ahmad Qasmi, *Jahud Muslimi al-Hind fi Khidmat al-Hadith al-Sharif*, Al-Drus al-Hasaniyyah, Al-Dars 3, May 2018. See https:// Ilim al-Hadith fi Shaba al-Qarat al-Hindiyyah.habous.gov.ma, accessed on 13/8/2020.
- Khair ud Din Bin Mahmood bin Muhammad bin Ali bin Faris, Al Zerikli (D: 1393 Hijri) Al Alaam, Dar ul Ilam Lilmalayeen, edition: 5, May, 2002.
- Abdul Hai Al Husni, *Al Saqafat ul Islamiah fil Hind,* Mosesah Hindavi Lil taleem wal saqafah, Egypt, 2012.
- Ijaz Hassan, *Roznama Pakistan*, Chief Editor: Mujeeb ur Rahman Shami, February 18, 2020.
- Abdul Rahman bin Abdul Jabbar, *Juhud Mukhlisah fi Khidmat al Sunnat ul Mutahhira*, Idara tul Bahoos ul Islamia wa Dawat wal Ifta bil Jame atul salfiah, Banaris, India, 1980.
- https://en.wikipedia.org/wiki/S._M._Ikram. Accessed on 26-06-2021.
- Dr. Zubaid Ahmad, *Arbi Adabyaat main Pak o Hind ka Hissa*, Idara Saqafat Islamia 2018.
- Ali Asghar Chishti, *Tareekh Adab e Hadis*, Porub Academy, Islamabad, January 2017.

- ❖ Muhammad bin Ahmad bin Ali Alhuni Alfasi (832 AD), *Zel Al Taqyeed fi Rewat ul Sunan wal Asaneed*, Dar ul Kutub Al ilmia, edition: 1, 1410 AD/1990.
- ❖ Shams ud Din Abu Abdullah Al Zahbi, *Mujam ul Shuyukh ul Kabir lil Zahbi*, Maktaba tul Siddique, Makka, Saudi Arabia, Edition: 1, 1408 AD/1988.
- ❖ Yousaf bin Hassan Al Salihi, *Al Jawhir ul Manzad fi Tabqat Mutaakhri Ashab e Ahmad*, Maktaba tul Abikan, Riadh, Edition: 1, 1421 AD/2000.
- ❖ Shams ud Din Abul Maali, *Diwan ul Islam*, Dar ul Kutub Al Ilmia, Edition: 1,1411AD/1990.
- ❖ Shams ud din Abul Khair Muhammad bin Abdul Rahman bin Muhammad bin abi Bakar bin Usman bin Muhammad Alsakhavi, *Alzu el lame Le Ahlul Quran al Taseh*, Manshorat Dar Maktabat ul Hayat, Berout.
- ❖ Jalal ud din Al Sayyuti, *Baghyat ul Weaat fi Tabqat ul Lil Ghaweyeen walnehat,* Al Maktab tul Isria Saida.
- ❖ Ali bin Anjab abn al Saaye, *Addur ul Sameen fi Asmaa ul Musannefeen*, Dar ul Gharbul Islami, Teunis, 1430 AD/ 2009.
- ❖ Burhan ud din Ibrahim bin Muhammad, *Almaqsad ul Arshad fi Zikr e Ashaab al Imam Ahmad*, Maktab tul Rushd, Riadh, 1410 AD/1990.
- ❖ Yousaf bin Hassan, *Al Johar ul Manzad*, Maktab tul Abikan, 1421 AD.
- ❖ Ahmad Mamoor al Aseri, *Maujz ut Tareekh ul Islami Munz Ahd e Aadam Alaih alsalam*, Maktaba tul Malik Fahad Alwatniyah, Riadh, 1417 AD.
- ❖ Adil Nuwaiz, *Mujam ul Mufassereen*, Mosasa tul Nuwai Al Saqafata Lil taleef wal tarjumma wal nashar, 1409 AD/ 1988.
- ❖ Jalal ud din Al Sayyuti, *Husnul Muhazirah fi Tareekh Missar wal Qahira*, Dar Ahya ul Kutub ul Arabia, Egypt, 1387 AD/1967.

- Jalal ud din Al Sayyuti, Nazmul Aqyan fi Aayan ul Aayan, Maktaba tul Ilamia, Berout.
- Mahmood Muhammad Al Amodi, *Mauqafud Damameeni minal Isteshhad Be Sherul Moulidin fi Zu e Kitabah,* Alminhal Al Safi, Mujalda tul Jame atul Islamia, Ghaza Falasteen, 2004.
- Ismail bin Muhammad Al babani Albughdadi, *Izah ul Maknoon fil zail ala kashf ul Zunoon*, Dar Ahya ul Turaas ul Arabi, Berout.
- Ismail Pasha Albughdadi, *Hadiatul Arefeen Asmaa ul Mouallefeen wa Asaar ul Musannefeen,* Musas tul Tareekh ul Arabi.
- Syed Abu Zaffar Nadvi, *Tareekh e Awliya Gujrat*, Gujrat Urdu Academy, Gandhi Nagar, 1993.